شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے' ماڈل ٹاؤن لاہور' فون: 042-35869501' ای میل: media@tanzeem.org

18اگست2023ء

# پریس ریلیز

## اقلیتوں کی جان، مال اور عزت کی حفاظت حکومت کی دینی اور قومی ذمہ داری ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** اقلیتوں کی جان، مال اور عزت کی حفاظت حکومت کی دینی اور قومی ذمہ داری ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے جڑانوالہ میں عیسائی برادری کی املاک اور گرجاگھروں پر حملہ اور جلاؤ گھیراؤ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اسلام میں اقلیتوں کی جان و مال اور عبادت گاہوں کی حفاظت کرنا حکومت کا فرض ہے۔ پھر یہ کہ ہمارا آئین بھی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ یقیناً قرآن پاک اور نبی مکرم ﷺ کی ناموس مسلمانوں کے نزدیک اُن کی جان، مال اور ہر شے پر مقدم ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ در حقیقت یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ اگر ایسے گھناؤنے فعل کا ارتکاب ہو تو انتظامی سطح پر شفاف اور غیر جانبدار تحقیق کرکے مجرم کو تعزیراتِ پاکستان کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ بلوائیوں کو ہر گز یہ اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ قانون کو ہاتھ میں لے کر ملک کے شہریوں کی جان، مال اور عزت و آبرو پر حملہ کریں اور غیر مسلموں کی مقدسات کا جلاؤ گھیراؤ کریں۔ اُنہوں نے سوال اُٹھایا کہ ضلعی اور صوبائی انتظامیہ نے نقض امن عامہ کے اس شرم ناک واقعہ کی روک تھام کے لیے کوئی قدم کیوں نہیں اُٹھایا۔ اُنہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ایک طرف قرآن پاک اور نبی اکرم ﷺ کی توہین کے واقعہ میں ملوث ملزم کو قرار واقعہ سزا دی جائے اور دوسری طرف عیسائی برادری کے گرجاگھروں اور املاک کو نقصان پہنچانے کے ذمہ دار تمام افراد کو بھی سخت سزا دی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کو روکا جاسکے۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ
بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمد

تنظیمِ اسلامی

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Friday 18 August 2023**

## "It is the religious and national duty of the government to protect the life, property and dignity of the minorities."

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "It is the religious and national duty of the government to protect the life, property and dignity of the minorities."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, while vehemently condemning the attack and arson of the homes, belongings and churches of the Christian community in Jaranwala. The Ameer said that Islam fairly and squarely puts the responsibility of providing protection to the life, property and places of worship of minorities on the state. Moreover, our constitution also pledges to safeguard the rights of the minorities. The Ameer said that there can be no doubt that the honor of the Holy Quran and the Holy Prophet *(SAAW)* is more precious than the life, property and everything else for a Muslim. It is the responsibility of the state to take appropriate action if any such incident of blasphemy takes place and after transparent investigation, the perpetrators must be awarded exacting punishment according to the law. Notwithstanding, rioting mobs cannot be allowed to violate the law, attack the life, property and dignity of the citizens of the country and desecrate the religious sacraments of non-Muslims. The Ameer questioned that how come the district and provincial administrations did not take any practical measure to stop the shameful incident of Jaranwala that posed imminent threat to public order. The Ameer demanded that the government must award exacting punishment to those found guilty of blasphemy as well as those responsible for destroying the life, property and churches of the Christian community, so that such events could be stopped in the future.

**Issued by:**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**